# میڈیا کوآرڈی نیٹر آفس

# جامعہ ملیہ اسلامیہ نئی دہلی

## بیٹیاں بھی سماج میں حصہ داری نبھا سکتی ہیں:جامعہ وی سی

## جامعہ ملیہ اسلامیہ کی جانب سے 'بیٹی بچاو بیٹی پڑھاو' مہم کے تحت سائیکل ریلی

نئی دہلی:۱۴فروری ۲۰۱۷

بیٹیاں بھی سماج میں حصہ داری نبھا سکتی ہیں، بس انھیں موقع دینے اوران کی صلاحیتوں کونکھارنے کی ضرورت ہے۔ان خیالات کا اظہار جامعہ ملیہ اسلامیہ کے وائس چانسلر پروفیسر طلعت احمد نے جامعہ ملیہ اسلامیہ کی جانب سے 'بیٹی بچاو بیٹی پڑھاؤ' مہم کے تحت سائکل ریلی کو جامعہ کیمپس سے علی الصباح نو بجے ہریانہ کے دھوج کے لئے روانہ کرنے کے بعد میڈیا سے بات چیت کے دوران کہیں۔

پروفیسر طلعت احمد نے کہا کہ خواتین آگے بڑھیں گی تو پورا سماج اور معاشرہ پروان چڑھے گا، یہ سائیکل ریلی اسی کا ایک حصہ ہے۔جس کا مقصد خواتین کو بھی آگے بڑھانا اوران کی ہمت افزائی کرنا ہے تاکہ خواتین بھی مردوں کے شانہ بشانہ کام کرسکیں۔انھوں نے کہا کہ اس ریلی کے ذریعہ حکومت ہند کی جانب سے چلائی جانے والی کیس لیس مہم کو بھی فروغ دینا ہے۔

جامعہ ملیہ اسلامیہ ڈائریکٹر آف اسپورٹس پروفیسر اقتدار احمد نے بتایا کہ اس ریلی میں تقریبا بیس طلباء نے حصہ لیا ہے جس میں دس لڑکے اور دس لڑکیاں ہیں۔انھوں نے بتایا کہ یہ ریلی جامعہ ملیہ اسلامیہ سے سائیکل کے ذریعہ چل کر ہریانہ کے دھوج پہنچے گی جہاں فریدہ آباد کے پولس کمشنر حنیف قریشی طلباء کا استقبال کریں گے۔

خیال رہے کہ یہ سائیکل ریلی کل بارہ بجے تک واپس لوٹ آئے گی جسے جامعہ ملیہ کے وائس چانسلر پروفیسر طلعت احمد اور جامعہ ملیہ اسلامیہ کے دیگر ذمہ داران ریسیو کریں گے۔

آج کے اس ریلی روانگی پروگرام میں جامعہ ملیہ اسلامیہ کے اساتذہ اور طلباء سمیت بڑی تعداد میں علاقائی لوگ بھی شامل تھے۔ جسے جامعہ ملیہ اسلامیہ کے وائس چانسلر پروفیسر طلعت احمد، ڈائریکٹر آف اسپورٹس پروفیسر اقتدار احمد، این ایس ایس کے پروگرام کوآرڈی نیٹر پروفیسر این یو خان، ڈین اسٹوڈنٹ ویلفیر ڈاکٹر تسنیم مینائی نے ہری جھنڈی دکھا کر روانہ کیا۔

پروفیسر صائمہ سعید

ڈپٹی میڈیا کوآرڈینٹر

موبائل نمبر:9891227771